سال ماتمی جلوس نہ نکالیں اور اپنی رسوماتِ عزاداری امام بارگاہوں کے اندر ہی ادا کرلیں تو شر پسند عناصر کے عزائم ناکام ہوسکتے ہیں، اور اپنی امام بارگاہوں کے دروازوں پر شناخت کا کوئی ایسا فول پروف بندوبست کریں کہ کوئی اجنبی شخص داخل نہ ہوسکے تو ان کا یہ اقدام ملتِ اسلامیہ پاکستان کے جسدِ واحدہ کی سلامتی کا ضامن ہوگا۔ ہم یہ تجویز ''الدین نصیحة'' کے تحت پیش کر رہے ہیں اور یقین رکھتے ہیں کہ ہمارے بھائی اس پر ضرور غور کریں گے۔ ہم یہی تجویز سیاسی راہنماؤں کو بھی دیں گے کہ ووٹ لینے کی خاطر جلسے جلوس سے پرہیز کریں۔ محترمہ بے نظیر بھٹو کے قتل سے سبق سیکھیں۔ وہ یہ یاد رکھیں کہ کامیاب وہی ہوگا جو امریکی چنگیزیت کا منظورِ نظر ہوگا۔ ووٹ تو محض ایک تکلف اور شفاف انتخاب کی امید، تجاہل عارفانہ ہے۔ وما علینا الا البلاغ

موت العالِم موت العالَم

شیخ الحدیث مولانا عبدالحلیم (جامعہ محمدیہ اوکاڑہ) کا سانحہ ارتحال

مورخہ 07 دسمبر بروز جمعۃ المبارک مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے نامور محقق، جامعہ محمدیہ کے شیخ الحدیث مولانا عبدالحلیم رحلت فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

مولانا عبدالحلیم ضلع قصور کی معروف شخصیت مولانا عبدالرحیم کوٹلوی رحمہ اللہ کے فرزند ارجمند جبکہ مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے نائب ناظم اعلیٰ حافظ عبدالعلیم یزدانی آف جھنگ اور مولانا عبدالحکیم آف پتوکی کے برادرِ اکبر تھے۔ عرصہ 36 سال سے جامعہ محمدیہ اوکاڑہ میں درس بخاری شریف، عربی فاضل ودیگر علوم کی تعلیم دے رہے تھے۔ وفات سے ایک روز قبل بھی طلبہ کو دیگر اسباق کے علاوہ حدیث کا سبق پڑھایا۔

مولانا عبدالرزاق سلفی (امیر مرکزیہ ضلع بہاولپور) کا انتقال پرملال

مورخہ 23 دسمبر بروز اتوار مولانا عبدالرزاق سلفی امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع بہاولپور انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون مرحوم توحید پرست اور قاطع شرک وبدعت کی صفات سے مزین تھے۔ آپ نے دین متین کی سربلندی کیلئے اپنی زندگی وقف کر رکھی تھی۔ علالت کے باوجود تبلیغی کاموں اور جماعتی ذمہ داریوں کی ادائیگی میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا.......... رئیس الجامعہ نے اپنے ایک بیان میں مولانا عبدالحلیم اور مولانا عبدالرزاق سلفی کی دینی، جماعتی اور مسلکی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا اور نمازِ جمعہ کے بعد غائبانہ نمازِ جنازہ پڑھائی۔ ادارہ ''حرمین'' دعا گو ہے کہ اللہ ان کی خدماتِ جلیلہ کو قبول فرما کر جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور جملہ لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے (آمین)